**18.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. محمد اعظم خان

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے سبھی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اِس کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں کی 102 سیٹوں پر کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے ایک کے بعد ایک مرحلوں کیلئے مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما چناؤ مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔

☆ انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

☆ حکومت نے خلاء کے شعبے کے لیے غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری سے متعلق ضابطوں میں نرمی کو نوٹیفائی کیا ہے۔ سیارچوں کی تیاری اور آپریشن میں 74 فیصد تک براہ راست FDI کو منظوری دے دی ہے۔

☆ بھارتی محکمۂ موسمیات نے اُڈیشہ، تمل ناڈو، ساحلی آندھرا پردیش اور مغربی بنگال میں شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام موہالی میں پنجاب کنگس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔x

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Polling 1st Phase**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت کل ہونے والی ووٹنگ کیلئے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں کی 102 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں ایک ہزار 625 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ اِس مرحلے کیلئے چناؤ مہم کل شام ختم ہوگئی۔ اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، انڈومان نکوبار جزائر، لکشدیپ، پڈوچیری، اتراکھنڈ اور تمل ناڈو کے سبھی پارلیمانی حلقوں میں پہلے مرحلے کے تحت ووٹنگ ہوگی۔

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے ووٹنگ کے علاوہ کل اروناچل پردیش اور سکم کی نئی قانون ساز اسمبلیوں کیلئے بھی واحد مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## EC Forth And Third Phase

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے آج نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔ اِس مرحلے کے تحت 13 مئی کو 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ امیدوار 25 اپریل تک اپنے کاغذات نامزدگی داخل کرسکتے ہیں۔ 29 اپریل تک نام واپس لیے جاسکیں گے۔

اِس دوران لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا کام کل ختم ہوجائے گا۔ اِس مرحلے کے تحت سات مئی کو 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کی 94 پارلیمانی سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔ 2024 کے عام انتخابات 19 اپریل سے پہلی جون تک سات مرحلوں میں کرائے جارہے ہیں، جن میں 18 ویں لوک سبھا کیلئے 543 ممبران کو منتخب کیا جائے گا۔ ووٹوں کی گنتی چار جون کو ہوگی۔x

## Webcasting Udhampu

جموں کشمیر میں چار اُودھم پور پارلیمانی حلقے کے ایک ہزار 400 سے زیادہ پولنگ اسٹیشن ویب کاسٹنگ کی سہولت سے لیس رہیں گے، جہاں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اودھم پور پارلیمانی حلقے کے 2 ہزار 637 پولنگ اسٹیشنوں میں سے کُل ایک ہزار 472 پولنگ اسٹیشنوں میں ویب کاسٹنگ کی سہولت دستیاب رہے گی۔

16 لاکھ 23 ہزار سے زیادہ ووٹر اِس حلقے سے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ سمیت 12 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔x

## Lakshadweep Polls

لکدیپ، جو ووٹروں کی تعداد کے حساب سے ملک کا سب سے چھوٹا لوک سبھا حلقہ ہے، یہاں عام انتخاب کے پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک لوک سبھا حلقہ ہے، جو درج فہرست قبائل کیلئے ریزرو ہے۔ کل شام چناوی مہم ختم ہونے کے بعد یہاں گھر گھر جاکر ذاتی طور پر ووٹروں سے ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔یہاں چار امیدوار چناوی میدان میں ہیں، جن میں موجودہ رکن پارلیمنٹ اورNCP شرد پوار پارٹی کے امیدوار محمد فیصل، سابق ممبر پارلیمنٹ اور کانگریس پارٹی کے حمید اللہ سیّد ، BJP کی حمایت یافتہ NCP اجیت پوار پارٹی کے امیدوار TPیوسف اور آزاد امیدوار K . Koya شامل ہیں۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے کے چیف انتخابی افسر نے مطلع کیا ہے کہ مخصوص ضروریات کے حامل افراد کیلئے خصوصی سہولتوں سمیت پولنگ اور سیکورٹی سے متعلق سبھی انتظامات کرلیے گئے ہیں۔ x

## Lakshadweep Polls

لکدیپ، جو ووٹروں کی تعداد کے حساب سے ملک کا سب سے چھوٹا لوک سبھا حلقہ ہے، یہاں عام انتخاب کے پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک لوک سبھا حلقہ ہے، جو درج فہرست قبائل کیلئے ریزرو ہے۔ کل شام چناوی مہم ختم ہونے کے بعد یہاں گھر گھر جاکر ذاتی طور پر ووٹروں سے ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔یہاں چار امیدوار چناوی میدان میں ہیں، جن میں موجودہ رکن پارلیمنٹ اورNCP شرد پوار پارٹی کے امیدوار محمد فیصل، سابق ممبر پارلیمنٹ اور کانگریس پارٹی کے حمید اللہ سیّد ، BJP کی حمایت یافتہ NCP اجیت پوار پارٹی کے امیدوار TPیوسف اور آزاد امیدوار K . Koya شامل ہیں۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے کے چیف انتخابی افسر نے مطلع کیا ہے کہ مخصوص ضروریات کے حامل افراد کیلئے خصوصی سہولتوں سمیت پولنگ اور سیکورٹی سے متعلق سبھی انتظامات کرلیے گئے ہیں۔ x

## Campaign

لوک سبھا انتخابات کے ایک کے بعد ایک مرحلوں کیلئے مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما اپنی چناوی مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج گجرات میں گاندھی نگر لوک سبھا حلقے میں Sanand اور Kalol میں دو روڈ شو کیے۔ دِن میں بعد میں جناب شاہ احمدآباد کے Vejalpur علاقے میں ایک روڈ شو اور ایک چناوَ ریلی سے خطاب کریں گے۔جناب شاہ جو گاندھی نگر لوک سبھا حلقے سے BJP کے امیدوار ہیں، کل اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کریں گے۔

BJP کے لیڈر اور مرکزی وزیرِاطلاعات و نشریات انوراگ سنگھ ٹھاکر آج پارٹی کے لیے چناوی مہم میں حصہ لیں گے۔ جناب ٹھاکر آج جام نگر میں ایک روڈ شو کریں گے اور ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

گجرات میں تیسرے مرحلے کے تحت سات مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے Kasaragod, Vadakara اور Kannur میں NDA امیدواروں کی حمایت میں عوامی میٹنگیں کی ہیں۔

کانگریس رہنما راہل گاندھی آج Kannur اور Kottayam میں چناوی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈّا اور سی پی آئی ایم پولٹ بیورو کی ممبر Subhashini Ali اپنے اپنے متعلقہ امیدواروں کی حمایت میں کل Kottayam میں عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔x

**JP Nadda Kokrajhar Rally**

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر جے پی نڈّا نے آسام میں NDA امیدوارJayanta Basumatary کی حمایت میں Kokra جھار میں ایک چناوی ریلی کی ہے۔

Kokrajhar گرین فیلڈ میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے قومی صدر نے کہا کہ وزیرِاعظم نریندرمودی مضبوطی سے فیصلے کرسکتے ہیں اور اُن کی پہل کی وجہ سے BODO اَمن سمجھوتے پر دستخط ہوپائے، جس سے دہائیوں کے انتشار کے بعد BODO علاقائی خطے میں اَمن و ترقی کی راہ ہموار ہوپائی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ خطہ پہلے تشدد اور بے چینی کیلئے جانا جاتا تھا، لیکن اَب اِس علاقے نے اَمن وترقی کی مثال قائم کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکز نے اَمن سمجھوتے کے مطابق ترقیاتی کاموں کیلئے ایک ہزار 500 کروڑ روپے مختص کیے ہیں اور اِس عرصے کے دوران ایک ہزار سے زیادہ ملی ٹینٹوں نے خودسپردگی کی ہے۔x

**CEC Vote Appel 1st Phase**

کل ہونے والے پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات سے قبل اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی جمہوری ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ انتخابات عوام کیلئے ہیں اور اُن کی مرضی مقدم ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ یہ کام اپنے لئے، اپنے کنبوں، بچوں، گاؤں ، قصبوں اور ملک کیلئے کرتے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب کمار نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کے لوگوں کو کبھی بھی ایک ووٹ کی طاقت کو کم نہیں سمجھنا چاہیے، کیونکہ ایسی بہت سی مثالیں ہیں جب مقابلے میں ایک ووٹ کی اہمیت ثابت ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت میں خوش اسلوبی سے اور اعلیٰ معیار کے انتخابات کرائے جانے کا سہرا عوام کو جاتا ہے جو اِس میں دانش مندی اور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیتے ہیں۔

چناؤ کمیشن کی جانب سے رائے دہندگان کیلئے بنیادی سہولتوں کو یقینی بنائے جانے کے بارے میں اعلیٰ انتخابی کمشنر نے کہا کہ ہر پولنگ اسٹیشن گراؤنڈ فلور پر قائم کیا گیا ہے اور وہاں پینے کا پانی ، بیت الخلاء ، سائبان، Ramps، وہیل چیئرس اور ہیلپ ڈیکس جیسی سہولتیں موجود ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جو رائے دہندگان 85 سال یا اِس سے زیادہ عمر کے ہیں یا جو لوگ معذور ہیں وہ اپنے گھر سے ووٹ دے سکتے ہیں۔X

**Rev BJP Rane**

BJP نے لوک سبھا انتخابات کیلئے آج اپنی 13 ویں فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے مہاراشٹر میں رتناگری سِندھو دُرگ پارلیمانی حلقہ سے مرکزی وزیر نارائن رانے کو چناؤ میدان میں اُتارا ہے۔

اِس دوران کانگریس نے آج اُڈیشہ اسمبلی انتخابات کیلئے چار امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ بھوبنیشور سینٹرل سے پرکاش چندر جینا اور Satyabadi سے منوج رَتھ کو انتخابی میدان میں اُتارا گیا ہے۔x

**BJP Congress**

آج BJP نے کانگریس اور آئی این ڈی آئی اے بلاک پر فوج اور سیکورٹی دستوں کی توہین کرنے کا الزام لگایا ہے۔ چھتیس گڑھ میں نکسلیوں کو ہلاک کرنے سے متعلق کانگریس لیڈر Supriya Shrinate کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے پارٹی کے ترجمان شہزاد پونہ والا نے نئی دلّی میں میڈیا کو بتایا کہ ملک نے ایک نہایت اہم آپریشن دیکھا، جس میں سیکورٹی دستوں کی جانب سے 29 نکسلیوں کو ہلاک کردیا گیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ سیکورٹی دستوں کی ایک بڑی کامیابی ہے۔

انھوں نے مبینہ طور پر کہا کہ سیکورٹی دستوں کی کارروائی کی ستائش کرنے کے بجائے کانگریس پارٹی نے نکسلیوں کو شہید کہا اور سیکورٹی دستوں کی شجاعت پر سوالات اُٹھائے۔ جناب پونہ والا نے کہا کہ اِس سے فوجیوں کے ہمت اور حوصلے کو زَک پہنچی ہے۔x

**CDS Space**

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ مستقبل میں ہوا ، سمندر اور زمین پر خلاء کے اثرات مرتب ہوں گے۔ آج نئی دلّی میں ورچوئل طریقے سے Indian Defspace سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے دفاعی عملے کے سربراہ نے اِس بات پر زور دیا کہ خلاء کا استعمال بنی نوع انسان کے فائدے کیلئے کیا جانا چاہیۓ۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے کئی اہم اور جدید ٹکنالوجی تیار کرکے خلاء کے شعبے میں اپنی صلاحیتیں ثابت کردی ہیں۔ آج سے شروع ہونے والا Indian Defspace سمپوزیم مستحکم دفاعی خلائی صلاحیتوں کی تعمیر کیلئے ایک خاکہ تیار کرنے کی غرض سے فوجی قیادت، پالیسی سازوں ، سائنسدانوں اور سرکردہ صنعت کاروں کو یکجا ہونے کا موقع فراہم کرے گا۔ تین روزہ سمپوزیم کے دوران مختلف اجلاس ہوں گے، جن میں خلاء سے متعلق مختلف چیلنجوں، پالیسیوں اور صلاحیتوں پر غور کیا جائے گا۔X

**IMF UNCTAD**

IMF نے عالمی منظرنامے سے متعلق رپورٹ میں مالی سال 2025 کیلئے بھارت کی GDP نشونما کے بارے میں اپنی پیشگوئی میں تیس Basis پوائنٹس کا اضافہ کرکے اِسے چھ اعشاریہ آٹھ فیصد کردیا ہے۔ جنوری میں اُس نے ساڑھے چھ فیصد کی پیشگوئی کی تھی۔ ساتھ ہی گزشتہ منگل کو جاری کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اُبھرتے ہوئے اور ترقی پذیر ایشیا میں نشونما میں 2023 کے پانچ اعشاریہ چھ فیصد سے کم ہوکر 2024 میں پانچ اعشاریہ دو فیصد اور 2025 میں چار اعشاریہ نو فیصد کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

اِس دوران اقوام متحدہ کے تجارت اور ترقی سے متعلق ادارے UNCTAD نے 2024 میں بھارت کی معیشت کی ترقی کا تخمینہ ساڑھے چھ فیصد لگایا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ بھارت میں مینوفیکچرنگ کے عمل میں کثیرملکی کمپنیوں کی جانب سے وسعت دیئے جانے کا بھارتی برآمدات پر مثبت اثر پڑے گا۔ البتہ UNCTAD کے مطابق 2024 میں عالمی نشونما کا اندازہ دو اعشاریہ چھ فیصد لگایا گیا ہے، جو 2023 میں دو اعشاریہ سات کے مقابلے تھوڑا کم ہے۔X

**ED Raj Kundra**

انفورسمنٹ ڈائرکٹریٹ ED نے کاروباری راج کندرا کی تقریباً 98 کروڑ روپے مالیت کی املاک قرق کردی ہیں۔ قرق کی گئی املاک میں اُن کی اہلیہ اور اداکارہ شلپا شیٹّی کے نام ایک رہائشی فلیٹ اور جناب کندرا کے نام ایک بنگلہ اور شیئرس شامل ہیں۔ کالے دَھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق ضابطوں کے تحت یہ کارروائی کی گئی ہے۔ x

**GOVT Space**

حکومت نے غیرملکی زرمبادلہ کے بندوبست سے متعلق ایکٹ کے تحت ترمیم شدہ ضابطوں کو نوٹیفائی کردیا ہے تاکہ خلاء کے شعبے میں سو فیصد تک FDI کی اجازت دینے کے اُس کے فیصلے کو عملی جامہ پہنچایا جاسکے۔ خزانے کی وزارت کی جانب سے جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق مصنوعی سیارچے کی تیاری اور آپریشن، مصنوعی سیارچے سے متعلق اعدادوشمار کی تیاری وغیرہ کیلئے سو فیصد غیرملکی براہِ راست سرمایہ کاری کی اجازت دی گئی ہے۔ اِن میں سے 74 فیصد خودکار طریقے سے ہوگی جبکہ 74 فیصد سے زیادہ سرمایہ کاری کیلئے حکومت کی منظوری درکار ہوگی۔

وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ Launch vehicles اور اُس سے متعلق نظام اور ذیلی نظام اور خلائی گاڑی بھیجے جانے اور اُسے اتارے جانے کیلئے خلائی پورٹ قائم کرنے کیلئے 49فیصد تک آٹومیٹک FDI کی بھی اجازت دی گئی ہے۔

49 فیصد سے زیادہ سرمایہ کاری کیلئے حکومت کی منظوری درکار ہوگی۔ وزارت نے کہا ہے کہ مصنوعی سیارچے کیلئے اجزا اور نظام اور ذیلی نظام کی تیاری سو فیصد آٹومیٹک روٹ کے تحت ہوں گے۔ نئے ضابطے اِس مہینے کی 16 تاریخ سے نافذ ہوگئے ہیں۔ فروری میں مرکزی کابینہ نے خلاء کے شعبے کیلئے FDI پالیسی میں ترمیم کو منظوری دی تھی جس کے تحت بعض زمروں میں سو فیصد سرمایہ کاری کی اجازت دی گئی تھی۔X

**IMD Heat wave**

بھارتی موسمیات محکمہ نے آئندہ تین دنوں کے دوران اُڈیشہ، تمل ناڈو، ساحلی آندھراپردیش اور مغربی بنگال میں شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔ اِن علاقوں میں درجۂ حرارت چالیس ڈگری سیلسیس سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ جھارکھنڈ، شمالی کونکن، سواراشٹر،وسطی مہاراشٹر، تلنگانہ، تمل ناڈو اور پڈّوچیری میں بھی شدید گرمی کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینا منی نے لوگوں کو احتیاط برتنے اور مناسب مقدار میں پانی پینے کا مشورہ دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ شمالی بھارت میں ابھی گرمی کی صورتحال نہیں ہے اور دلّی، راجستھان، پنجاب اور ہریانہ میں ہلکی بارش کا امکان ہے۔ ہماچل پردیش میں شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔x

**IPL**

IPL کرکٹ میں آج چنڈی گڑھ میں پنجاب کنگز کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل رات احمدآباد میں ڈیلی کیپٹلس نے گجرات Titans کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ ڈیلی کیپٹلس کو 90 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا جو اُس نے آٹھ اوور پانچ گیندوں میں چھ وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اِس سے قبل ڈیلی کیپٹلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دلّی کی ٹیم نے سابق چمپئن گجرات ٹائٹنس کو محض 89 رَن پر آل آؤٹ کردیا۔ ڈیلی کیپٹلس کیلئے مکیش کمار سب سے کامیاب گیند باز رہے اور انھوں نے تین وکٹ حاصل کیے۔x

**VP Rajya Sabha**

راجیہ سبھا کے صدر نشین جگدیپ دھنکھڑ نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں راجیہ سبھا کے منتخبہ اراکان کو حلف دلایا۔ جناب دھنکھڑ نے بھیم سنگھ، پرمار جسونت سنگھ Salamsinh، سنگیتا، نوین جین اور ڈاکٹر سُدھانشو ترویدی کو حلف دلایا۔X

**Chess Fide Candidates**

شطرنج میں بھارت کے D Gukesh کل رات ٹورنٹو میں FIDE Candidates ٹورنامنٹ کے گیارہویں راؤنڈ میں امریکہ کے کھلاڑی Fabiano Caruana سے ڈرا ہونے کے بعد مشترکہ طور پر دوسرے مقام پر چلے گئے۔ اب روس کے کھلاڑی Ian Nepomniachtchi پہلے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔X

☆☆☆